**سیف گارڈنگ پالیسی**

اس حوالے سے ہماری پالیسی کہ ہم لڑکیوں، نوجوان خواتین اور بالغ افراد کی فلاح و بہبود کو کیسے فروغ دیتے ہیں اور انہیں نقصان سے کیسے بچاتے ہیں

اشاعت از: 2 اکتوبر 2024

ورژن: 5

**ہیڈکوارٹر کی سیف گارڈنگ ٹیم سے رابطہ کرنے کا طریقہ**

اگر آپ کو سیف گارڈنگ کے حوالے سے کوئی خدشات ہیں تو ہمیں اس کی رپورٹ کریں۔ اگر یہ کوئی ایمرجنسی ہے اور کسی کو نقصان پہنچنے کا فوری خطرہ ہے تو آپ کو پہلے ایمرجنسی سروسز کو کال کرنی چاہیے اور پھر ہیڈ کوارٹر کی سیف گارڈنگ ٹیم کو اس کی رپورٹ کرنی چاہیے۔

دفتری اوقات کے دوران 6242 834 207(0)44+ ایکسٹینشن 3037 پر رابطہ کریں یا safeguarding@girlguiding.org.uk پر ای میل کریں۔

کام کے اوقات کے بعد کسی ایمرجنسی کے لیے، 032997 7508 (0)44+ پر کال کریں (پیر تا جمعہ شام 5 بجے سے - رات 10بجے تک؛ ہفتہ، اتوار اور بینک کی تعطیلات کے دوران صبح 9 بجے تا رات 10 بجے تک)۔

اگر ہم آپ کی کال کا براہ راست کوئی جواب نہیں دیتے ہیں یا اگر آپ نے ہمارے کام کے اوقات کے بعد کال کی ہے، تو براہ کرم ہمیں اپنی تشویش کی وضاحت کرتے ہوئے ایک ای میل بھیجیں، یا جب ہماری لائنز دوبارہ دستیاب ہو جائیں تو ہمیں پھر سے کال کریں۔ براہ کرم کام کے اوقات کے بعد والے نمبر پر کوئی ٹیکسٹ نہ بھیجیں کیونکہ ہم یہ پیغامات نہیں دیکھ سکتے۔

اس پالیسی کے تازہ ترین اپ ڈیٹس میں جانیں کہ کیاکچھ تبدیل ہوا ہے اور کیوں۔

**اس پالیسی کے اغراض و مقاصد**

سیف گارڈنگ سے ہماری مراد یہ ہے کہ ہم لڑکیوں، نوجوان خواتین اور بالغ افراد کی فلاح و بہبود کو فروغ دینے اور انہیں نقصان سے بچانے کے لیے کیا کرتے ہیں۔ سیف گارڈنگ ہماری اولین ترجیح ہے اور یہ ہمارا ہر کام اسی کے ارد گرد گھومتا ہے۔

یہ پالیسی سیف گارڈنگ کے حوالے سے ہمارے عزم، ہماری توقعات کی وضاحت کرتی ہے اور بتاتی ہے کہ ہم بچوں اور بڑوں کی حفاظت کیسے کرتے ہیں، کسی تشویش کی اطلاع کیسے دی جائے اور Girlguiding کا ہیڈکوارٹر ان خدشات کا جواب کیسے دے گا۔

سیف گارڈنگ ہر ایک کی ذمہ داری ہے، چاہے آپ ایک بالغ رضا کار ہوں، بالغ ممبر ہوں یا Guide Association کے پاس کام کرنے والے عملے کے ایک ممبر ہوں۔

Girlguiding کے تمام رضاکاروں، ممبران اور The Guide Association کے زیرِ ملازم تمام عملے کو ہماری پالیسی پر عمل کرنا چاہیے، چاہے وہ مستقل ملازم ہوں، مقررہ مدت کے لیے ہوں یا معاہدہ پر کام کر رہے ہوں۔ The Guide Association دیگر Girlguiding آجروں کے ساتھ پارٹنرشپ میں کام کرتی ہے تاکہ اُن معاملات میں سیف گارڈنگ سے وابسطہ امور کا جواب دیا جا سکے جہاں اس میں ملک اور علاقہ یا مقامی عملہ ملوث ہو۔

ہم آف لائن اور آن لائن ایک ہی سیف گارڈنگ کے اصولوں پر عمل کرتے ہیں۔ آپ کو اس پالیسی کو اس سے وابسطہ طریقہ کار نیز ڈیجیٹل سیف گارڈنگ پالیسی اور اس کے طریقہ کار کے ساتھ پڑھنا چاہیے۔

اگر آپ کو سیف گارڈنگ سے متعلق کوئی تشویش ہے - آف لائن یا آن لائن - تو آپ کو اس کی رپورٹ 24 گھنٹوں کے اندر (یا اگر ایمرجنسی ہو تو جلد) ہیڈکوارٹر کی سیف گارڈنگ ٹیم کو کرنی چاہیے۔

سیف گارڈنگ ٹیم آپ کی مدد کرنے کے لیے حاضر ہے۔ اگر آپ کو سیف گارڈنگ سے متعلق کسی بھی طرح کی مدد کی ضرورت ہے، یا آپ کو کوئی تشویش ہے، تو ان سے رابطہ کریں۔

**اصطلاحات**

**بالغ ممبر** - 18 سال سے زیادہ عمر کا کوئی بھی ایسا فرد جس کے لیے سبسکرپشن خریدی جاتی ہے۔
**بالغ رضاکار** - 18 سال سے زیادہ عمر کا کوئی بھی ایسا شخص جو ایک رجسٹرڈ رضاکار کے طور پر بغیر کسی معاوضہ کے Girlguiding کو اپنا وقت دیتا ہے۔ اس میں اُن ممبران اور رضاکاروں کے ساتھ براہ راست کام کرنے والے رضاکار بھی شامل ہیں جن سے کوئی براہ راست رابطہ نہیں ہے۔
**the Guide Association** – Girlguidingاور تمام مقامی یونٹس، اضلاع، ڈویژنز، کاؤنٹیز، ممالک اور خطے۔
**ممبر** – اس میں نوجوان ممبران اور بالغ ممبران شامل ہیں۔
**عملہ** - The Guide Association کے زیرِ ملازم شخص، چاہے وہ ایک مستقل ملازم ہو، مقررہ مدت کے لیے ملازم ہو یا معاہدہ پر کام کر رہا ہو۔
**قانونی ایجنسیاں** – ان میں پولیس، بچوں کا سوشل کیئر، اور دیگر مختص افسران (بشمول لوکل اتھارٹی کے مختص افسران) اور ملٹی ایجنسی سیف گارڈنگ مراکز شامل ہیں۔

**نوجوان ممبر** - کوئی بھی Guide، Brownie، Rainbow یا Ranger۔ یا کسی بھی عہدے پر کام کرنے والا 18 سال سے کم عمر کا رضاکار، مثال کے طور پر ایک نوجوان رہنما۔

**پالیسی کا بیان**

## Girlguiding سیف گارڈنگ کے لیے پُر عزم ہے

ہم آف لائن اور آن لائن تمام بالغ افراد اور بچوں کے تحفظ کے لیے پُرعزم ہیں۔ ہر انسان کو بدسلوکی، استحصال، نقصان اور خوف سے آزاد زندگی گزارنے اور محفوظ اور اچھی زندگی گزارنے کا حق ہے۔ اس پالیسی پر عمل کر کے آپ ایک محفوظ جگہ بنانے میں ہماری مدد کریں گے جہاں ہمارے تمام ممبران کو بہترین گائڈنگ کا تجربہ حاصل ہوگا۔ اس سے تمام افراد کو اپنے خدشات کی رپورٹ کرنے یا انکشاف کرنے میں مدد ملے گی۔

ہم تسلیم کرتے ہیں کہ کچھ لوگ خاص طور پر غیر محفوظ ہوتے ہیں۔ اس کی وجہ ان کی شناخت یا صورتحال کا کوئی پہلو ہو سکتا ہے۔

اگرچہ یہ نقصان آف لائن، آن لائن اور بعض اوقات دونوں طرح کا ہو سکتا ہے، لیکن ہم تسلیم کرتے ہیں کہ بعض قسم کے نقصانات صرف یا زیادہ تر آن لائن ہی ہو سکتے ہیں۔ آپ کو اس پالیسی کے ساتھ ڈیجیٹل سیف گارڈنگ کی پالیسی کو بھی پڑھنا چاہیے۔

ضروری نہیں ہے کہ ہماری ہیڈکوارٹر کی سیف گارڈنگ ٹیم سے رابطہ کرنے سے پہلے آپ کو کسی تشویش کے بارے میں پختہ یقین ہو، لہذا اگر آپ کو شک ہے تب بھی اس کی رپورٹ کریں۔ ہم تمام قسم کے سیف گارڈنگ کے خدشات کو تسلیم کرتے ہیں اور ان کا جواب دیتے ہیں، آف لائن اور آن لائن، جس میں درج ذیل خدشات شامل ہیں، لیکن ان تک ہی محدود نہیں:

**بدسلوکی** – اس میں جسمانی ، جذباتی ، جنسی ، ، نظرانداز کرنا، گھریلو بشمول غیر حالیہ، آن لائن بدسلوکی اور بچوں کے ساتھ زیادتی شامل ہیں۔

**استحصال** – جیسے بچوں کا جنسی استحصال اور بچوں کا مجرمانہ استحصال۔

**نقصان** – جس میں بدمعاشی، تعلقات قائم کرنے کی کوشش، خود کو نقصان پہنچانا اور نقصان دہ روایتی طرز عمل (مثال کے طور پر خواتین کا ختنہ، زبردستی شادی)۔

**خصوصی شعبے** – ذہنی خیر و عافیت یا ذہنی صلاحیت اور بنیاد پرستی۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ کسی کو کوئی خطرہ لاحق ہے تو آپ کو اس کی رپورٹ ضرور کرنی چاہیے۔

آپ Ann Craft Trust اور NSPCC سے مختلف قسم کے نقصانات اور بدسلوکی کے بارے میں مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

**توقعات**

Girlguiding تمام بالغ رضاکاران، بالغ ممبران اور عملے کے افراد سے توقع رکھتا ہے کہ وہ:

- ہمارے سیف گارڈنگ کے طریقہ کار اور ڈیجیٹل سیف گارڈنگ کی پالیسی پر عمل کریں گے۔
- 24 گھنٹوں کے اندر (یا اگر کوئی ایمرجنسی ہو تو اس سے پہلے) ہیڈکوارٹر کی سیف گارڈنگ ٹیم اور اپنے کمشنر کو تمام خدشات، الزامات اور انکشافات کی رپورٹ کریں گے۔ کبھی بھی یہ خیال نہیں کریں گے کہ کسی اور نے اس تشویش کی رپورٹ پہلے ہی کر دی ہوگی۔
- ہیڈکوارٹر کی سیف گارڈنگ ٹیم کو کسی بھی جاری یا ماضی کی تفتیش کے بارے میں مطلع کریں گے جو اُن کے یا اُن کے کسی قریبی تعلق والے فرد سے متعلق ہو اور جس کا تعلق کسی بچے یا بالغ کے سیف گارڈنگ کے الزام، تشویش یا انکشاف سے ہو۔ ہو سکتا ہے کہ تفتیش پولیس، سماجی خدمات، آجر، یا کسی دوسری تنظیم کی جانب سے کی گئی ہو جس کے لیے آپ رضاکارانہ طور پر کام کرتے ہیں۔ ایک اہم رشتے میں خاندان کے افراد، پارٹنرز اور ایک ہی گھرانے کے افراد شامل ہیں، لیکن یہ ان تک ہی محدود نہیں ہے۔ مدد حاصل کرنے کے لیے آپ اپنے کمشنر سے رابطہ کر سکتے/کر سکتی ہیں۔
- ہوشیار رہیں، تاکہ جب بھی کوئی پریشان کن بات ہوہوتی ہے تو آپ اسے فوری طور پر پہچان لیں۔
- جب بھی کوئی تشویش ہو تو اس پر کارروائی کرنے کے لیے ہیڈکوارٹر کی سیف گارڈنگ ٹیم اور اپنے کمشنر کے ساتھ کام کریں۔
- کسی لڑکی یا نوجوان ممبر کے ساتھ انفرادی رابطے سےگریز کریں۔ 14 سال سے کم عمر کی کسی لڑکی یا نوجوان ممبر سے ان کے والدین یا کیئرر کی اجازت کے بغیر کبھی بھی رابطہ نہ کریں۔ اگر وہ آپ سے پہلے رابطہ کرتی ہیں تو یہ بھی اس میں شامل ہے – سوائے اس کے کہ کوئی ایمرجنسی ہو۔
- سیف گارڈنگ کے مسائل سے نمٹتے وقت شمولیت اور رسائی کو مدّنظر رکھیں۔ معذور یا اضافی ضروریات کے حامل ممبران اور رضاکاروں کی مدد کرنے کے لیے ایڈجسٹمنٹ کرنا، جس میں ایڈجسٹمنٹ کے منصوبے بنانا شامل ہے، جن کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جانا چاہیے۔
- اپنے عہدے سے متعلق لازمی سیف گارڈنگ ٹریننگ کو مکمل کریں اور اس کی تجدید کرتے رہیں۔ جب آپ کو اپنی ٹریننگ کی تجدید کرنی ہوگی تو ہم آپ کو ایک یاد دہانی بھیجیں گے۔

**Girlguiding بچوں اور بالغ افراد کی حفاظت کیسے کرتی ہے**

- ہم تمام خدشات کو بڑی سنجیدگی سے لیتے ہیں۔ ہماری سیف گارڈنگ کی ٹیم آپ کو درپیش تمام خدشات میں آپ کی مدد کرنے کے لیے تیار ہے۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ کسی کو آف لائن یا آن لائن نقصان پہنچنے کا خطرہ ہوسکتا ہے تو آپ کو اس کی رپورٹ ضرور کرنی چاہیے۔
- ہمارے پاس سیف گارڈنگ رضاکاران اور عملے کا ایک مضبوط ڈھانچہ موجود ہے۔

- ہم اپنی بھرتی اور جانچ پڑتال کی پالیسی کا استعمال کرتے ہوئے رضاکاروں کو بھرتی کرتے ہیں۔
- ہم رضاکاروں کے خلاف الزامات کو مینیج کرنے کے لیے اپنے سیف گارڈنگ کے طریقہ کار کا استعمال کرتے ہیں۔
- ہم رضاکاروں کی جانب سے اس پالیسی کی خلاف ورزیوں کو مینیج کرنے کے لیے بالغ رضاکاروں کے بارے میں خدشات کو مینیج کرنے کی پالیسی کا استعمال کرتے ہیں۔ عملے کے لیے، ہم اپنے عملے پر تادیبی کارروائی کے طریقہ کار کا استعمال کرتے ہیں، جو عملے کے انٹرانیٹ پر دستیاب ہے۔
- ہم قانون اور قانونی رہنمائی کی بنیاد پر ہمیشہ صحت اور حفاظت کے اقدامات لاگو کرتے ہیں۔
- ہمارے پاس کاؤنٹی، ملکی اور خطے کی سطح پر مختلف سیف گارڈنگ لیڈز کام کر رہے ہیں جو سیف گارڈنگ سے جڑے خدشات سے نمٹنے میں ملوث رضاکاروں کی مدد کرنے کے لیے دستیاب رہتے ہیں۔
- جب مناسب ہو ہم قانونی ایجنسیوں کے ساتھ جملہ خدشات اور معلومات شیئر بھی کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر، جہاں بچوں کے ساتھ کام کرنے والے کسی کے بارے میں کوئی سنگین خدشات ہوں۔ یا جہاں ہمیں لگتا ہو کہ کسی شخص کو بدسلوکی یا نقصان پہنچنے کا سنگین خطرہ ہے۔
- ہم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ جہاں مناسب ہو، سیف گارڈنگ کے خدشات والدین یا کیئرر کے ساتھ شیئر کیے جائیں۔ سوائے اس کے کہ ایسا کرنے سے ان کے بچے کے لیے خطرہ مزید بڑھ جائے۔
- ہمارے پاس مشترکہ تقاریب، یونٹ کے اجلاسوں میں بیرونی زائرین، اور والدین کی شمولیت کے بارے میں رہنمائی ہے۔
- سیف گارڈنگ کی حتمی ذمہ داری the Guide Association کے بورڈ آف ٹرسٹیز پر ہے۔

**کسی خدشے کی رپورٹ کرنا**

یہ ضروری ہے کہ آپ کو بدسلوکی یا نقصان پہنچنے کی علامات اور اشارے معلوم ہوں۔ آپ کو یہ بھی معلوم ہونا چاہیے کہ جملہ خدشات، الزامات یا انکشافات پر کیسے ردّعمل ظاہر کرنا ہے اور اس کی رپورٹ کیسے کرنی ہے۔

اگر آپ کو سیف گارڈنگ کے حوالے سے کوئی خدشات ہیں تو آپ کو 24 گھنٹوں کے اندر، یا اگر یہ ایمرجنسی ہے تو جتنی جلدی ممکن ہو ایک رپورٹ بنانی چاہیے۔

ہماری ہیڈکوارٹر کی سیف گارڈنگ ٹیم 5 کاروباری دنوں کے اندر تمام خدشات اور ای میلز کا جواب دے گی۔ کسی ہنگامی صورتحال یا فوری رپورٹ کی صورت میں وہ اس پر فوری طور پر کارروائی کریں گے۔ مدد حاصل کرنے کے لیے آپ اپنے کمشنر سے رابطہ کر سکتے/کر سکتی ہیں۔

ہماری سیف گارڈنگ کی ٹیم بدمعاشی اور ہراسگی کے خدشات کے ضمن میں بھی رہنمائی کرتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے ہماری انسدادِ بدمعاشی اور ہراسگی کی پالیسی ملاحظہ کریں۔

**برطانوی بیرونِ ملک کے علاقے**

برطانوی بیرونِ ملک کے علاقوں میں رہنے والے ممبران کو اس پالیسی کو لاگو کرتے وقت متعلقہ مقامی قانون سازی کی پابندی کرنی چاہیے۔